عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

❑ شانِ رسالت ﷺ میں گستاخی۔مصنوعات کے بائیکاٹ پر سعودیہ کے خلاف کارروائی ہوگی۔(یورپین کمیشن)

● الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے!

❑ انٹرپول سے ڈرانے والے،بھٹو خاندان کی تاریخ سے واقف نہیں۔(بے نظیر)

● یہی کہ بھٹو کو پھانسی ہوئی،دو بیٹے ہلاک کیے گئے،بیوہ اور بیٹیاں جلاوطن۔

❑ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے۔(شہزادہ بندر بن سلطان)

● جسے کمزور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

❑ اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کو مائی لارڈ کی بجائے جناب والا یا جناب عالی کہا جائے۔

(چیف جسٹس آف پاکستان کو پاکستان لائرز فورم کا مراسلہ)

● سرکاری زبان''اردو'' کی بے بسی ملاحظہ ہو!

❑ چینی کے نرخوں میں بے چینی۔قیمت ۴۲ روپے کلو تک پہنچ گئی۔(ایک خبر)

لوگو ! شور مچاؤن دا حق کوئی نہیں   آٹا مہنگا ہویا تے کی ہویا

چینی چاء وچ پاؤن دا حق کوئی نہیں   تے میرے ملک وچ کسے غریب نُوں وی

❑ صدر پرویز کی سربراہی میں ملک درست ٹریک پر جارہا ہے۔(اسحاق خاکوانی)

● مگر ریلوے کی گاڑیاں غلط ٹریک پر جارہی ہیں۔

❑ بی بی سی نے گستاخانہ خاکے چلادیئے۔(ایک خبر)

● کیا آزادیٔ اظہار،مسلمانوں کی دل آزاری کا نام ہے؟

❑ شاہ عبداللہ کے استقبال کے لیے اپوزیشن کے کسی رکن کو نہیں بلایا گیا۔(پروفیسر غفور)

● جمہوریت کا صحیح طریقہ یہی ہے۔

❑ صدر بش کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا زندگی کا بہترین دن ہوگا۔(طالب علم vii کلاس،جان ایف ڈیئرنگ مڈل سکول،
ویسٹ وارڈک۔ریاست رہوڈ آئی بنڈ۔امریکہ۔روزنامہ''جنگ'' ۵۔فروری ۲۰۰۶ء)

● دینی طلباء کو دہشت گرد کہنے والے ممالک،پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں!